SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 19, 2021

ایس ای سی پی نے شئیر ہولڈروں کو کمپنیوں کے سالانہ اجلاس میں آن لائن شرکت کی مستقل سہولت فراہم کر دی

اسلام آباد(19فروری)سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے شراکت داروں کو کمپنیوں کے سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت کی سہولت مستقل بنیادوں پر فراہم کر دی ہے۔اس حوالے سے ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کئے گئے سرکلر میں تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں ممبرز کو اجلاسوں میں آن لائن شرکت کی سہولت فراہم کرنے کے لئے انتظامات کو یقینی بنائیں اور یہ سہولت اب کمپنیوں کے شراکت داروں کو مستقل بنیادوں پر دستیاب ہو گی۔

گزشتہ سال ایس ای سی پی نے کروناوائرس کی وبا کے دوران لسٹڈ کمپنیوں کے سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے ممبران کو سالانہ اجلاسوں میں آن لائن شرکت کی اجازت دی تھی اور کمپنیوں کو اس حوالے سے خصوصی اقدامات کرنے کی ہدایت کی تھی۔ ممبران کو اجلاسوں میں آن لائن شرکت کی سہولت سے ،اجلاسوں میں شرکت نہایت آسان ہو گئی اور سالانہ اجلاسوں میں اراکین کی شرکت میں خاطر خواہ اضافہ دیکھا گیا۔

اسی لئے ،لسٹڈ کمپنیوں کے اراکین کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنے کے لئے ،ایس ای سی پی نے سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت کی سہولت کو مستقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس حوالے سے سرکلر جاری کر دیا گیا ہے۔ کمپنیوں کے لئے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ اپنے سالانہ اجلاسوں میں آن لائن شرکت کے اقدامات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔